**CCE PF**
**CCE PR**

ಕರ್ನಾಟಕ ಪ್ರೌಢ ಶಿಕ್ಷಣ ಪರೀಕ್ಷಾ ಮಂಡಳಿ, ಮಲ್ಲೇಶ್ವರಂ, ಬೆಂಗಳೂರು – **560 003**

**KARNATAKA SECONDARY EDUCATION EXAMINATION BOARD, MALLESWARAM, BANGALORE - 560 003**

ಎಸ್.ಎಸ್.ಎಲ್.ಸಿ. ಪರೀಕ್ಷೆ, ಮಾರ್ಚ್/ಏಪ್ರಿಲ್ **2017**

**S. S. L. C. EXAMINATION, MARCH/APRIL, 2017**

**ಮಾದರಿ ಉತ್ತರಗಳು**

**MODEL ANSWERS**

ದಿನಾಂಕ : 10. 04. 2017 ] ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : **66-U**

Date : 10. 04. 2017 ] **Code No. : 66-U**

**ವಿಷಯ : ತೃತೀಯ ಭಾಷೆ – ಉರ್ದು**

Subject : **Third Language - URDU**

**( ಹೊಸ ಪಠ್ಯಕ್ರಮ /New Syllabus )**

**( ಖಾಸಗಿ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ/ ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಖಾಸಗಿ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / Private Fresh + Private Repeater )**

**[ ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 100**

**[ Max. Marks : 100**

| سوال نمبرات | متوقع جوابات | مارکس |
|---|---|---|
| | **PART-A/حصّہ -الف** | |
| | ایک جملے کے جوابات : | 12 × 1 = 12 |
| .1 | حسن گنگو بہمنی کا مقبرہ حسن گنگو کے فرزند محمد شاہ نے تعمیر کیا۔ | 1 |
| .2 | چاند کے طلوع ہونے سے ستاروں کی روشنی پھیکی پڑ گئی۔ | 1 |
| .3 | ’پیغام یکجہتی‘ سید احمد شاکر کی لکھی نظم ہے۔ | 1 |
| .4 | غزل کے لغوی معنے عورتوں سے بات کرنے کے ہیں۔ | 1 |
| .5 | مولانا محمد علی جوہر کی پیدائش 1878ء میں رام پور میں ہوئی۔ | 1 |
| .6 | مُلّا نصیر الدین کو گھر میں نہ پا کر عالِم دوست نے مُلّا کے دروازے پر ”بے وقوف گدھا“ لکھ دیا۔ | 1 |
| .7 | شفیع الامم سے مُراد حضرت محمدؐ ہیں۔ | 1 |
| .8 | کسان کی عزت ہر جگہ ہوتی ہے / نگر نگر میں ہوتی ہے۔ | 1 |
| .9 | آخری وقت حضرت ٹیپو سلطانؒ کی زبان پر دعائیہ کلمات تھے۔ کہہ رہے تھے خدایا! مجھے استقامت عطا فرما۔ | 1 |
| .10 | شدید مایوسی (شدتِ یاس) کے سبب اکبر الہ آبادی خود اپنے نہ ہو سکے۔ | 1 |
| .11 | حضرت خواجہ بندہ نواز کا عرس ہر سال ذیقعدہ کی 15 ویں تاریخ کو منایا جاتا ہے۔ | 1 |
| .12 | نانو سے مراد '9' کے ہیں۔ یہ ایک یونانی لفظ ہے۔ | 1 |

| سوال نمبرات | متوقع جوابات | مارکس |
|---|---|---|
| | دو یا تین جملوں کے جوابات : | 13 × 2 = 26 |
| .13 | کرشنا اور بھیما ضلع گلبرگی کی دو اہم ندیاں ہیں۔ | 1 + 1 |
| .14 | قدیم دَور میں سائنس کی کئی شاخیں تھیں جن میں علمِ ریاضی، علم ہئیت ونجوم، | 1 |
| | علم کیمیا، علم طب اور حیاتیات قابلِ ذکر ہیں۔ | 1 |
| .15 | نظم ''پیغامِ یکجہتی'' میں سید احمد شاکر یکجہتی کا پیغام دیتے ہوئے کہتے ہیں کہ ہمیں ہر حال میں مل جل کر رہنا ہے۔ | 1 |
| | ہمیں یہیں جینا اور مرنا ہے۔ ہمیں جذبات کے دھارے میں بہنا نہیں چاہیئے۔ | 1 |
| .16 | نانوٹکنالوجی کی مدد سے کینسر کا پتہ ابتدائی مرحلے میں لگا سکتے ہیں۔ | 1 |
| | نانوٹکنالوجی کی مدد سے کیموتھروپی کا استعمال سارے جسم کی بجائے مخصوص کینسر کے خلیوں پر کر سکتے ہیں۔ اس طرح کینسر پر قابو پا سکتے ہیں۔ | 1 |
| .17 | جانور الگ الگ چرنے کے باوجود ایک جگہ مل بیٹھ کر جگالی کرتے ہیں۔ | 1 |
| | مگر جوں ہی انسان کا پیٹ بھر جاتا ہے وہ ایک دوسرے سے فوراً الگ ہو جاتے ہیں۔ جانور انسان سے بھلے ہیں۔ | 1 |
| .18 | سدرۃ المنتہیٰ عرش پر حضرت جبرئیلؑ کا آخری مقام ہے۔ | 1 |
| | جب حضور اکرمؐ معراج پر گئے تو آپؐ پر سدرۃ المنتہیٰ سے آگے بھی راستے کُھل گئے۔ | 1 |
| .19 | ملک کی ترقی میں کسان اہم کردار ادا کرتا ہے۔ اپنی محنت سے بنجر زمین کو کاشت کے قابل بناتا ہے۔ | 1 |
| | سب کا پیٹ بھرتا ہے۔ ملک کو قحط اور بھوک سے نجات دلاتا ہے۔ | 1 |
| .20 | مولانا محمد علی جوہؔر کے انگریزی اخبار کا نام 'کامریڈ' تھا۔ | 1 |
| | ''ہمدرد'' اُن کا اردو اخبار تھا۔ | 1 |
| .21 | سفلی عناصر اگلے دن ہونے والے واقعہ کی پیشن گوئی کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ ''کل یہاں خون کی ندیاں بہیں گی۔ | 1 |
| | انسانی لاشوں سے وہ علاقہ بھر جائے گا۔'' | 1 |
| .22 | عطؔا کلیانوی کے نزدیک ماحول ناساز اس لئے ہے کیونکہ یہاں حق بات سننے کو کوئی تیار نہیں ہے۔ | 1 |
| | کوئی راز کھولنے کو تیار نہیں ہے سب خاموش ہیں۔ | 1 |
| .23 | ڈراما ایک یونانی لفظ ''ڈراؤ'' سے مشتق ہے جس کے معنی کر کے دکھانے کے ہیں۔ صحیح معنوں میں ڈراما مجسمِ عمل ہے۔ | 1 |
| | یہ پڑھنے سے زیادہ دیکھنے کی چیز ہے۔ انسانی زندگی کی عملی تفسیر ہے۔ یہ ایک ایسی صنف ہے جسے ناظرین تک پہنچانے کے لئے اسٹیج درکار ہے۔ | 1 |
| .24 | حروفِ فجائیہ وہ حروف ہیں جو خوشی، جوش، غم، یا کسی دوسرے جذبے کے موقع پر بے ساختہ نکل جاتے ہیں۔ | 1 |
| | جیسے : اُف، ماشااللہ، واہ واہ، آہ وغیرہ۔ | 1 |

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| 1 | شعروشاعری کے علاوہ عمر خیام کی شہرت ایک ماہر ریاضی کے طور پر تھی۔ | .25 |
| 1 | علمِ طب میں بھی عمر خیام کو کافی مہارت حاصل تھی۔ یہ علمِ ہئیت کے امام تھے۔ | |
| 8 × 3 = 24 | تین چار جملوں کے جوابات : | |
| | بحوالۂ متن جملوں کی وضاحت : | |
| 1 | یہ جملہ دسویں جماعت کی نصابی کتاب انوارِ اُردو کے ایک سبق ''دھوبی نے مگر مچھ کو کھالیا'' سے لیا گیا ہے۔ | .26 |
| 1 | جس کے مصنف کرشن چندر ہیں۔ | |
| | راموجب مچھلیوں کے ڈپارٹمنٹ میں مدد مانگنے کے لئے گیا تو پہلے کلرک نے اُسے دوسرے کلرک کے پاس بھیج دیا۔ دوسرے | |
| 1 | کلرک نے اگلے کونٹر پر بھیجا، کونٹر پر بیٹھے بوڑھے کلرک نے راموکی بات کو سنجیدہ نہ لیتے ہوئے یہ جملہ کہا۔ | |
| 1 | یہ جملہ دسویں جماعت کی نصابی کتاب انوارِاردو کے ایک خاکہ ''جہانِ علم وفن کا راہی : پروفیسر راہیؔ قریشی'' سے لیا گیا ہے۔ | .27 |
| 1 | اس کے خاکہ نگار ڈاکٹر وحید انجم ہیں۔ | |
| 1 | یہ جملہ دراصل ایک دعا ہے جو پروفیسر راہیؔ اُن کے والدین کی تصویر کو دیکھ کر مانگا کرتے تھے۔ | |
| 1 | یہ جملہ انوارِ اُردو میں شامل ملا نصیر الدین کا قصّہ ''بے وقوف گدھا'' سے لیا گیا ہے۔ | .28 |
| 1 | وعدہ کے مطابق ملا نصیر الدین گھر پر حاضر نہ تھے۔ اُن کے عالم دوست نے خفا ہوکر ان کے دروازے پر بے وقوف گدھا لکھ دیا۔ | |
| 1 | تحریر دیکھ کر نصیر الدین کو اپنا وعدہ یاد آیا۔ فوراً عالم دوست کے پاس گئے، معافی مانگتے ہوئے یہ جملہ کہا۔ | |
| | اشعار کی تشریح : | .29 |
| 1 | یہ شعر میر تقی میرؔ کی غزل سے ماخوذ ہے۔ اس شعر میں میر تقی میرؔ اپنے محبوب سے مخاطب ہیں کہتے ہیں | |
| 1 | میں ہمیشہ تمہارے تصوّر میں کھویا رہتا ہوں۔ | |
| 1 | کیا کبھی تم میرے تصوّر میں کھوئے رہتے ہو ؟ | |
| 1 | یہ شعر داغؔ دہلوی کی غزل سے اخذ کیا گیا ہے۔ شاعر کہتا ہے تم زمانے کے اتنے سے ستم دیکھ کر گھبرا گئے۔ | .30 |
| 1 | میں ہی جانتا ہوں مجھ پر زمانے والوں نے کتنے ستم کئے۔ | |
| 1 | جس پر بیتی ہے وہی جانتا ہے۔ | |
| 1 | یہ شعر ڈاکٹر بشیر بدرؔ کی غزل سے لیا گیا ہے۔ اس شعر میں شاعر کہتا ہے | .31 |
| 1 | جب سے میں زندگی کی راہ پر چل پڑا ہوں میری نظر اپنی منزل پر جمی ہے۔ | |
| 1 | میری آنکھوں نے کبھی میل کا پتھر نہیں دیکھا یعنی کسی رہنما کی ضرورت محسوس نہیں ہوئی۔ | |

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | نثر نگار کا تعارف : | |
| | (i) **مجتبیٰ حسین :** | .32 |
| | پیدائش : 15 جولائی 1936ء، چنچولی، گلبرگہ | |
| 1 | ادبی مقام : روزنامہ سیاست میں مزاحیہ کالم شیشہ و تیشہ سے ادبی زندگی کا آغاز مزاحیہ مضامین، خاکوں اور سفرناموں کے کئی مجموعے شائع ہوئے ہیں | |
| 1 | تصانیف : تکلف برطرف، قطع کلام، آدمی نامہ، سو ہے وہ بھی آدمی، جاپان چلو جاپان چلو۔ | |
| 1 | اعزازات و انعامات : پدماشری، ہاسیہ رتن اور گلبرگہ یونیورسٹی سے اعزازی ڈاکٹریٹ کی ڈگری۔ | |
| | (ii) **ابراہیم عمادی ندوی :** | |
| 1 | ممبئی میں زندگی بھر تعلیمی و تدریسی خدمات انجام دیں۔ 1932ء میں اخبار خلافت میں کام کیا۔ | |
| 1 | قدیم و جدید علوم کے جامع عالم و معلم ہیں۔ | |
| 1 | جدید درس گاہوں کے طالب العلموں کی نفسیات سے بخوبی واقف ہیں۔ | |
| | کسی ایک شاعر کا تعارف : | |
| | (i) **علامہ محمد اقبالؔ :** | .33 |
| | نام : محمد اقبال۔ تخلص۔ اقبال | |
| 1 | پیدائش : 9 نومبر 1877ء سیالکوٹ | |
| | تعلیمی قابلیت : فلسفہ، وکالت، اور ڈاکٹریٹ کی ڈگریاں۔ داغ دہلوی سے کلام کی اصلاح لیتے تھے۔ | |
| 1 | ادبی مقام : بچوں کے لئے کئی نظمیں لکھیں، شاعر اور فلسفی | |
| | مجموعہ کلام : بانگ درا، بالِ جبرئیل، ضرب کلیم، اور ارمغان حجاز۔ | |
| 1 | وفات : 21 اپریل 1938ء | |
| | (ii) **مولانا ابوالبیان حمادؔ :** | |
| 1 | نام و پیدائش : عبدالرحمٰن خان، 25 جولائی 1923ء کرناٹک۔ | |
| | خدمات : دارالسلام عمر آباد میں درس و تدریس۔ | |
| 1 | ادبی مقام : صحافت | |
| 1 | رسائل : الاخلاق، پیغام، راہِ اعتدال۔ | |

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| 2 × 4 = 8 | **تفصیلی جوابات :** | |
| 1 | حضرت عائشہؓ بڑی فیاض اور سخی تھیں۔ | 34. |
| 1 | ایک مرتبہ ستر ہزار درہم اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کر دیا۔ | |
| 1 | حضرت امیر معاویہؓ نے جب ایک لاکھ درہم حضرت عائشہؓ کی خدمت میں بھجوائے شام تک آپؓ نے یہ پوری رقم غریبوں اور محتاجوں میں تقسیم فرمادی۔ | |
| 1 | اس وقت حضرت عائشہؓ روزہ سے تھیں، باوجود اس کے آپؓ نے افطاری کی کچھ فکر نہ کی۔ | |
| | **یا** | |
| | ''چاند اور شاعر'' کا خلاصہ : | |
| 1 | چاند اور شاعر علامہ اقبالؔ کی ایک سبق آموز نظم ہے۔ اس نظم میں شاعر نے علم کی اہمیت کو شاعر اور چاند کے درمیان مکالماتی انداز کے ذریعہ اُجاگر کیا ہے۔ | |
| 1 | ایک رات چودھویں کے چاند سے شاعر سوال کرتا ہے۔ اے چاند تُو تو بہت کمال والا ہے، بہت سی خوبیوں کا مالک ہے۔ تیرے نور کے سامنے سب کی رونق پھیکی پڑ جاتی ہے۔ | |
| 1 | تجھ سے ہر کوئی فیض یاب ہوتا ہے۔ میں بھی تیری طرح کمال حاصل کرنا چاہتا ہوں۔ تیری طرح شہرت کی بلندیوں کو چھونے کے لئے مجھے کیا کرنا ہوگا ؟ | |
| 1 | شاعر کی باتوں کا جواب دیتے ہوئے چاند کہتا ہے۔ روشنی کے لئے میں بھی سورج کا محتاج ہوں۔ سورج کے بغیر میرا وجود بیکار ہے۔ دنیا میں سورج کا بدل علم ہے جسے کبھی زوال نہیں۔ تو اگر علم حاصل کریگا تو تُو اپنے مقصد میں کامیاب ہو جائے گا۔ | |
| | حمد کے ابتدائی چار اشعار : | 35. |
| 1 | اے ساری دنیا کے مالک — راجا اور پرجا کے مالک | |
| 1 | سب سے انوکھے سب سے نرالے — آنکھ سے اوجھل دِل کے اُجالے | |
| 1 | ناؤ جگت کی کھینے والے — دکھ میں سہارا دینے والے | |
| 1 | جُوت ہے تیری جَل اور تھَل میں — بَاس ہے تیری پھول اور پھل میں | |
| | **یا** | |
| | نعت کے ابتدائی چار اشعار : | |
| 1 | ثنائے خدا ہے، ثنائے محمدؐ — رضائے الٰہی، رضائے محمدؐ | |
| 1 | حرم میں جو پہنچے تو گونجی صدایوں — وہ آئے محمدؐ، وہ آئے محمدؐ | |
| 1 | شفیع الامم، رحمتِ ہر دو عالَم — نہیں اور کوئی سوائے محمدؐ | |
| 1 | نگاہوں میں جچتا نہیں اور کوئی — مرے دل میں جب سے سمائے محمدؐ | |

| سوال نمبرات | متوقع جوابات | مارکس |
|---|---|---|
| | **PART-B/حصّہ-ب** | |
| | معروضی جوابات : | 15 × 1 = 15 |
| .36 | (A) ازل | 1 |
| .37 | (C) اُردووان | 1 |
| .38 | (B) دو | 1 |
| .39 | (B) مفرد جملہ | 1 |
| .40 | (C) غیر مستقل کلمہ | 1 |
| .41 | (D) رباعی | 1 |
| .42 | (B) ذکر | 1 |
| .43 | (A) جملہ | 1 |
| .44 | (A) مہمان نوازی | 1 |
| .45 | (C) اختتام | 1 |
| .46 | (B) اندیشہ | 1 |
| .47 | (D) مقصد حاصل کرنا | 1 |
| .48 | (B) زوال | 1 |
| .49 | (A) حروف ربط، حروف عطف، حروفِ تخصیص، حروفِ فجائیہ | 1 |
| .50 | (A) سایہ | 1 |
| | **PART-C/حصّہ-ج** | |
| | انگریزی جملوں کا آسان اُردو زبان میں ترجمہ : | 3 × 1 = 3 |
| .51 | (i) مور ہمارا قومی پرندہ ہے۔ | 1 |
| | (ii) یہ ایک خوبصورت پرندہ ہے جو اپنے رقص کے لئے جانا جاتا ہے۔ | 1 |
| | (iii) وہ عام طور پر جنگل میں پائے جاتے ہیں۔ | 1 |

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| 1 × 4 = 4 | **والد کے نام خط :** | .52 |
| | (i نام (XYZ) | |
| 1 | (ii مقام و تاریخ | |
| 1 | (iii آداب/القاب : محترم والد صاحب | |
| 1 | (iv مضمونِ خط : پڑھائی کا ذکر ہو | |
| | (v اختتام : فقط آپکا فرمابردار بیٹا/بیٹی | |
| 1 | (vi مکتوب الیہ کا نام پتہ | |
| | **یا** | |
| | **کلاس ٹیچر کے نام خط:** | |
| | (i منجانب/ نام : (XYZ) | |
| 1 | (ii بخدمت : کلاس ٹیچر | |
| 1 | (iii عرض مدعا : دو دن کی چھٹی کی درخواست | |
| 1 | (iv مضمون خط : مناسب وجہ بتا کر چھٹی کی درخواست کرنا | |
| | (v اختتام : آپکی/آپکا فرمابردار شاگرد | |
| 1 | (vi مقام/تاریخ : | |
| 1 × 4 = 4 | کسی ایک عنوان پر مضمون : | .53 |
| | (i) **تاریخی مقام کی سیر :** | |
| 1 | (a) تمہید - کسی قول، فقرہ یا ضرب المثل سے آغاز کرنا۔ | |
| | (b) نفس مضمون - (i) کسی ایک تاریخی مقام کا انتخاب | |
| 2 | (ii) اس مقام کی تاریخی اہمیت | |
| | (iii) اس مقام کے ساتھ دوسرے مقامات کا موازنہ | |
| 1 | (c) اختتام - تاریخی مقام کی تہذیب وتمدن سے متعلق خود کی رائے۔ | |
| | **یا** | |

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | (ii) **ہماری عیدیں :** | |
| 1 | (a) تمہید - کسی قول، فقرہ یا ضرب المثل یا حدیث مبارکہ سے آغاز کرنا۔ | |
| 2 | (b) نفسِ مضمون - (i) عید کے معنی اور مختلف عیدوں کے نام<br>(ii) مختلف عیدوں کی خصوصیات<br>(iii) اپنی عیدوں کا دیگر مذاہب کی عیدوں سے موازنہ۔ | |
| 1 | (c) اختتام - اپنی عیدوں کی اہمیت و افادیت پر ذاتی رائے پیش کرنا۔ | |
| 4 × 1 = 4 | عبارت پر مبنی سوالات کے جوابات : | .54 |
| 1 | i) دَورِ حاضر کو سائنسی دور سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ | |
| 1 | ii) پہلے جو باتیں قصّے کہانیوں میں بیان کی جاتی تھیں، انہیں آج سائنس نے سچ کر دکھایا ہے۔ | |
| 1 | iii) سائنس کی حیرت انگیز ایجاد کمپیوٹر ہے۔ | |
| 1 | iv) کمپیوٹر کا کام فراہم کردہ معلومات کو محفوظ کرنا، اہم نکات کی تلاش کرنا اور حسبِ ضرورت اُن پر عمل کرنا۔ | |